# ادبیات

## غزل

از

(جناب الم مظفر نگری)

قصرِ ظلم و جور کی بُنیاد مستحکم سہی
یوں نہ ہو کچھ بھی مگر اک نالۂ برہم سہی

کھنچ کے ساقی دل سے جو آتی ہے وہ کچھ اور ہے
تیرے شیشے میں جوابِ کوثر و زمزم سہی

رکھتی ہیں دل کو جوان ناکامیوں کی لذتیں
زندگی میں نا مکمل میرا ذوقِ غم سہی

شامِ غم کی اُلجھنوں میں اس سے کیا بہلے گا دل
یہ گھٹا کالی کسی کا گیسوئے پُرخم سہی

فیضِ ساقی سے نہیں محرومِ بادہ کش کوئی
مے کدے میں مل ہی جاتی ہے اگرچہ کم سہی

مستیوں سے میرے غم خانے کی کیا نسبت اسے
مرکزِ بادہ پرستی بزم گاہِ جم سہی

امتحاں گاہِ وفا میں ہے یہ کیسی خامشی
اب حریفِ غم نہیں ہوتا کوئی تو ہم سہی

روحِ گلشن کو تو اس سے تازگی ملتی نہیں
زینتِ صحنِ گلستاں جلوۂ شبنم سہی

شغل کوئی چاہیئے اے پختہ کارانِ جنوں
نغمۂ عشرت نہیں تو نالہ و ماتم سہی

بے ادب سرکش پر اس کا ہو اثر ممکن نہیں
عبرت آموزِ بشر افسانۂ آدم سہی

آنسوؤں میں آئیں پیہم لختِ دل لختِ جگر
اور بھی اتنا کرم اے دیدۂ پُرنم سہی

تا سحر حاصل تو ہیں اس کو چمن کی راحتیں
بے حقیقت برگِ گل پر قطرۂ شبنم سہی

چادرِ خوں ہی کفن ہے کشتۂ غم کے لئے
ہم نے مانا پاک و طاہر چادرِ مریم سہی

میرے جامِ دل میں بھی اک آتشِ سیال ہے
اے الم صہبائے کیف آور بہ جامِ جم سہی